سوال

(542)زمین ٹھیکہ پر دینا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کاشت کے مقصد کےلیے زمین ٹھیکہ پرلینا دینا کیسا ہے جبکہ زمین کا مالک ہر صورت میں ٹھیکہ وصول کرتا ہے چاہے فصل تباہ ہوجائے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

زمین کو بٹائی اور ٹھیکہ پرلینا دینا شرعاً درست ہے صحیح بخاری اور صحیح مسلم کی احادیث سے ان دونوں کا جوازثابت ہوتا ہے ہاں بٹائی کی وہ صورت ضرور ممنوع ہے جس میں خارج شدہ پیداوارکی بجائے زمین کے قطعات تقسیم کرلیےگئے ہوں مثلاً کھیت کے فلاں کیارے میں جو فصل ہووہ مالک کا اور فلاں کیارے میں جو فصل ہووہ مزارع کا یہ درست نہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام ومسائل

خریدوفروخت کے مسائل ج1ص382

محدث فتویٰ